1989ء سے مسلسل اشاعت
24تا30 جون 2022 | شمارہ نمبر26 | جلد نمبر34
ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد با قاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
SELF ADHESIVE STICKER PAPER
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل


کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
BMG
بزنس مین گروپ
محمد سلیم بیکیا
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
خامس سعید بٹ
چیئرمین
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINARSPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: ہمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے


# مقامی کاغذ مینوفیکچررز کی من مانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتوں کا تعین مشکل ہورہا ہے، عزیز خالد

## فوٹو کاپی کا ریم بھارت میں 500 روپے میں اور پاکستانی ملیں 900 روپے میں فروخت کررہی ہیں جو درآمدی کاغذ پر اضافی ٹیکسز کی وجہ سے ہے، محمد سلیم بیکیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ سستا اور اچھا کاغذ ہمارے طلبہ کی ضرورت ہے، کاغذ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہے ہیں، 6 ماہ میں 3 بار کاغذ کی قیمت بڑھائی گئی جس کے سبب ہم کتابوں کی قیمتوں کا تعین ہی نہیں کرپارہے، یہ مسئلہ پورے پاکستان کا ہے، ہر سال امپورٹڈ کاغذ پر ڈیوٹی بڑھائی جارہی ہے اس لیے ہم معیاری کاغذ کی کتابیں نہیں چھاپ پارہے، یکم

کیا۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے کہا کہ اگر کاغذ نہیں ملا تو کتابیں کیسے چھاپیں گے؟ کاغذ کے لوکل مینوفیکچر اپنی من مانی کررہے ہیں اور اس کے معیار پر بھی سمجھوتا ہورہا ہے، ہر کتاب کا ٹائٹل پیج امپورٹڈ پیپر کا ہوتا ہے یہ پیپر ڈیوٹی لگنے کے بعد اس قدر مہنگا ہے کہ ہم اسے نہیں منگوا سکتے، اگر لوکل پیپر پر چھاپ دیں تو پھر پرنٹنگ کے معیار پر سمجھوتا کرنا پڑے گا کیونکہ مقامی سطح پر تیار کیا گیا پیپر اس قابل نہیں کہ اس پر کتاب اور اس کا

انڈسٹری یہی ریم 900 روپے کا دے رہی ہے ہمارے بچوں کے لیے فوٹو کاپی بک پڑھنا بھی مشکل ہونے جارہا ہے، پاکستان میں صرف 95 فیصد کاغذ لوکل ملز کا جبکہ 5 فیصد امپورٹڈ کاغذ استعمال ہورہا ہے تاہم سارا ٹیکس اور ڈیوٹی ہم دیتے ہیں ہماری گزارش یہ ہے کہ لوکل ملز مقابلے کا رجحان پیدا کریں اور ٹیکس نہ بچائیں لوکل ملز سیلز ٹیکس چوری کرنے کے لیے حکومت سے کہتے ہیں کہ ہم 90 فیصد کا پیاں بنارہے ہیں جبکہ 90 فیصد کتابیں بناتے ہیں کاپیوں پر ٹیکس نہیں ہے اس لیے غلط بیانی












اگست سے بازار میں درسی کتب ناپید ہونے کا خطرہ ہے، 200 روپے کی کتاب 500 روپے کی ہونے جارہی ہے، امپورٹڈ کاغذ پر ڈیوٹی بڑھنے سے معیاری کاغذ کی کتابوں کا فقدان پیدا ہوگیا ہے، لوکل پیپر اچھی پرنٹنگ کے قابل نہیں، پاکستان میں الٹی گنگا بہہ رہی ہے، فنشنگ پبلشنگ آئٹم پر ڈیوٹی نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ کاغذ بنانے کے ''خام مال'' جس پر ڈیوٹی نہیں ہونی چاہیے اس پر 70 فیصد ڈیوٹی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے کراچی پریس کلب میں 21 جون 2022 کو منعقدہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں

سرورق چھاپا جاسکے پاکستان میں لاکھوں لوگ پرنٹنگ کی صنعت اور اس سے وابستہ دیگر صنعتوں سے وابستہ ہیں پرنٹنگ پریس بند ہونے سے یہ لوگ بے روزگار ہوجائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کے تمام بڑے شہروں کے اردو بازاروں میں ٹیکسٹ بک موجود نہیں کیونکہ کاغذ مہنگا ہونے کے سبب کتابیں چھپ نہیں سکیں اگر مسئلہ فوری حل نہ ہوا تو یکم اگست سے بازار میں درسی کتابیں موجود نہیں ہونگی۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ کتابوں کے لیے منگوائے جانے والے کاغذ پر 30 فیصد ڈیوٹی دی جارہی ہے جب اتنے ڈیوٹی اور ٹیکسز ہونگے تو اچھا کاغذ کیسے منگوائیں گے؟ امپورٹڈ پیپر 190 روپے کلو ہے انڈیا میں فوٹو کاپی پیپر 500 روپے کا ریم اور پاکستان میں لوکل

سے ٹیکس بچاتے ہیں، اس موقع پر معروف ماہر معاشیات قیصر بنگالی بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس میں بڑی تعداد میں پرنٹرز، پبلشرز اور پیپر مرچنٹس گروپ بھی موجود تھے جنہوں نے بعدازاں کراچی پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ بھی کیا اور حکومت نے کاغذ سے متعلق ایک ایسی پالیسی تشکیل دینے کا مطالبہ کیا جس سے عام آدمی کو سستا اور معیاری کاغذ میسر آسکے۔ پریس کانفرنس میں پاپگائی کے محمد اسماعیل میمن، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، سابق سینئر وائس چیئرمین اپیما حبیب نور محمد اسلم جیلانی و دیگر بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس کو مقامی نیوز چینلز کی بڑی تعداد نے اجاگر کیا اور حکومت کی کاغذ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پیدا شدہ صورت حال کی طرف توجہ مبذول کرائی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پرنٹ پاک نمائش 2022 پرنٹنگ انڈسٹری کی ترقی کو اجاگر کرے گی، عزیز خالد

## مقامی کاغذ ملیں ٹیکسوں کے تحفظ میں ناجائز منافع حاصل کر رہی ہیں اور بڑے پیمانے پر ٹیکس چوری میں ملوث ہیں، محمد سلیم بیکیا کا پرنٹ پاک نمائش کی تعارفی تقریب سے خطاب

## سنچری اور بلھے شاہ مقامی کاغذ میں تیس فیصد حصہ رکھتی ہیں اور پیپر انڈسٹری کے ٹیکس کا 85 فیصد ادا کرتی ہیں جبکہ 70 فیصد حصہ رکھنے والی صرف 15 فیصد ٹیکس دیتی ہیں، محمد تنویر

## پیپر مرچنٹس، پرنٹرز، پبلشرز سب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، ہمیں اپنے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی، مراد اقبال

کراچی (پیپر بزنس خصوصی رپورٹ) پرنٹ پاک نمائش ، 2022 3 سے 5 ستمبر کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی، پرنٹنگ، پیکجنگ اور گرافک آرٹس کی نمائش ''پرنٹ پاک'' کا 15 واں ایڈیشن کراچی ایکسپو سینٹر کے ہال 2 اور 3 میں منعقد ہوگا۔ نمائش کی تعارفی تقریب مقامی ہوٹل میں جمعرات 16 جون کو منعقد ہوئی جس میں وفاق ایوان




ہائے صنعت و تجارت قائم مقام صدر شبیر حسن منشا مہمان خصوصی تھے۔ اس پرنٹ پاک شو میں انڈسٹری کے عالمی پلیئرز اور دنیا بھر کی اہم کمپنیاں شرکت کریں گی جس سے پاکستان کا سافٹ امیج اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ نمائش میں شریک ملکی و غیر ملکی کمپنیاں اپنی مصنوعات اور پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس کے شعبہ میں ہونے والی جدت پیش کریں گی ساتھ ہی متعدد اہم موضوعات پر متعلقہ صنعت کے معروف اداروں کے تحت سیمینار اور ورکشاپس بھی منعقد کی جائیں گی۔ پرنٹنگ اینڈ پیکجنگ کی صنعت کا سالانہ ٹرن اوور 7 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے جو اسے پاکستان کی دوسری بڑی صنعت کا درجہ دلاتا ہے اور اس شعبہ سے 20 لاکھ ورکرز کا روزگار منسلک ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے قائم مقام صدر اور تقریب کے مہمان خصوصی شبیر حسین منشا نے ملکی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی پرنٹنگ انڈسٹری کے فروغ کے لیے پاپگائی کے کردار کو سراہتے ہوئے ایف پی سی سی آئی کی جانب سے پرنٹنگ انڈسٹری کو ہر ممکن سپورٹ اور معاونت کی یقین دہانی کرائی۔ پرنٹ پاک نمائش کمیٹی کے کنوینر باسط زیدی نے اپنے استقبالیہ کلمات میں کہا کہ 760 ارب ڈالر کی پرنٹنگ کی عالمی مارکیٹ میں پاکستان کے لیے بھرپور مواقع موجود ہیں جس میں ایشیائی ملکوں کا شیئر 40 فیصد کے لگ بھگ ہے۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ انڈسٹری کو ٹیکسز اور ڈیوٹی میں رعایت فراہم کرے تاکہ پرنٹنگ انڈسٹری کی ترقی کی رفتار کو چند سال میں ہی تیز کیا جاسکے۔ پاپگائی کے چیئرمین عزیز خالد نے کہا کہ سائنس کی ترقی اور عالمی تجارت کے موجودہ جدید عہد میں پرنٹنگ انڈسٹری میں ہر سال جدید میٹریل اور مصنوعات متعارف کرائی جارہی ہیں اور اس پندرہویں ایڈیشن تک پہنچنے میں ہمارے سینئر مرحوم رہنماؤں کا بڑا کردار ہے جس میں پہلے آرگنائزر محمد محسن کے علاوہ سابق چیئرمین پاپگائی حضرات سعید پریس والا، محمد آفاق، بلال شیخ، احمد مرزا جمیل، غیاث احمد پیرزادہ اور دیگر شامل ہیں۔ انہوں نے اس سلسلے میں ڈاکٹر منہاج کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا جو وہ پرنٹنگ انڈسٹری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور اس کے فروغ کے لیے کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس نمائش کے ذریعے اپنی انڈسٹری کو اجاگر کرنا ہے اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرنی ہے۔ عزیز خالد نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پرنٹنگ انڈسٹری کا فروغ اسی وقت ممکن ہے جب حکومت اس کے خام مال کو ڈیوٹی و ٹیکسز سے نجات دلائے۔ انہوں نے کہا کہ بالخصوص حالیہ دنوں میں کاغذ کی قیمتوں میں کئی گنا اضافے نے پرنٹنگ پبلشنگ انڈسٹری کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ چیئرمین بزنس مین گروپ آل پاکستان پیپر مرچنٹس، آئی بی ایم کے سربراہ اور نمائش کے پلاٹینم اسپانسر محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ مقامی کاغذ انڈسٹری کو جو اضافہ و ڈیوٹی و ٹیکسز کا تحفظ حاصل ہے اسے کم کیا جائے تاکہ ہمارے بچوں کو اچھا کاغذ میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان پیپر و پیپر بورڈ پر ڈیوٹی و ٹیکس میں نمبر 1 ہے جبکہ ہم نے پیپر و پیپر بورڈ پر سیلز ٹیکس بھی عائد کر رکھا ہے یعنی ہم تعلیم دے نہیں رہے بلکہ بیچ رہے ہیں محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ صرف دو کاغذ کی ملیں آرگنائز ہیں جو حکومت کو ٹیکسز کی مد میں بھاری رقوم ادا کر رہی ہیں لیکن غیر آرگنائز سیکٹر کی کاغذ ملیں پچاس لاکھ روپے کا بجلی کا بل دے کر اسی لاکھ روپے کی سیلز دکھاتی ہیں اور ردی کے برابر قیمت پر فریش مال فروخت کرنے کی رسید بنا کر دیتی ہیں اس طرح وہ خطیر رقم قومی خزانے کی چوری کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ ملک کی ضروریات کا صرف دس سے پندرہ فیصد درآمدی کاغذ کی ضروریات سے پورا کیا جاتا ہے جبکہ 85 فیصد مقامی کاغذ استعمال ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے بچوں کو معیاری کاغذ کی فراہمی کا راستہ روک رکھا ہے جبکہ مقامی کاغذ ملیں پچاس سے ساٹھ فیصد تک ڈیوٹی و ٹیکسز کے تحفظ کے باوجود اب تک بین الاقوامی معیار کا پیپر بنانے میں ناکام رہی ہیں جبکہ





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111




ان کے نرخ غیر ملکی کاغذ کے درآمدی نرخ سے دگنے ہیں وہ درآمد پر ڈیوٹی وٹیکسز کا فائدہ اٹھا رہی ہیں عام آدمی کو اس کا فائدہ منتقل نہیں ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیپر و پیپر بورڈ کی درآمد پر ڈیوٹی وٹیکسز میں کمی لائی جائے تاکہ ہم اپنے بچوں کو سستا اور معیاری کاغذ فراہم کر سکیں۔ اس موقع پر سلیم بیکیا نے پاپگائی کو پرنٹرز کے لیے ٹیکنیکل کورسز کرانے اور دیگر فلاحی کام کے لیے دس لاکھ روپے عطیہ کا بھی اعلان کیا۔ ڈان پیپر مارٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے مراد اقبال جوکہ اس نمائش کے گولڈ اسپانسرز بھی ہیں، نے کہا کہ ان کے بھائی اور لیجنڈ رہنما شہزاد اقبال کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ہم پرنٹنگ انڈسٹری کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈان پیپر مارٹ پاپگائی کے ساتھ ان کے ٹیکنیکل ٹریننگ پروگرام کے لیے سب سے زیادہ تعاون کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر مرچنٹس کی حیثیت سے ہم نے اپنے پرنٹرز کے لیے ہمیشہ بہتر قیمتوں پر مقامی و درآمدی کاغذ فراہم کیا ہے۔ مراد اقبال نے کہا کہ پیپر مرچنٹس، پرنٹرز، پبلشرز، بک سیلرز اور دیگر متعلقہ ادارے اس انڈسٹری کے فروغ میں اپنا اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ سب ایک دوسرے سے منسلک ہیں اسی لیے ہمیں اس سلسلے میں بھرپور مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیئے۔ سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز کے مارکیٹنگ منیجر محمد تنویر نے اپنے خطاب میں کہا کہ سنچری اور بلھے شاہ پیپر و بورڈ ملز ہمیشہ سے نمائش میں حصہ لیتی رہی ہیں اور ان کے گروپ کی یہ دو کمپنیاں مقامی کاغذ کی صنعت کا 85 فیصد ٹیکس ادا کرتی ہیں جبکہ ہمارا مارکیٹ میں حصہ صرف تیس فیصد ہے باقی ستر فیصد کا حصہ رکھنے والی ملیں صرف پندرہ فیصد ٹیکس ادا کرتی ہیں حکومت کے اداروں کو اس کو دیکھنا چاہیئے تاکہ سب کو یکساں کاروباری کام کے مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال بھی سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز نمائش کی گولڈ اسپانسر ہے۔ محمد تنویر نے بتایا کہ ان کی مل اپنے مقامی خریداروں کی ضروریات کا خاص خیال رکھتی ہے اور حالیہ کووڈ 19 میں جب دنیا میں سپلائی چین متاثر تھی۔ ہم نے اپنے صارفین کو وقت سے پہلے مال فراہم کر کے ان سے تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا گروپ پرنٹرز کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کے لیے تیار ہے۔ اس موقع پر سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے چیئرمین ڈاکٹر مسرور اور چیئرمین پاپگائی عزیز خالد نے ایک ایم او یو پر بھی دستخط کئے جس کے تحت سندھ ٹیکنیکل بورڈ پرنٹنگ کے عملے کی ٹریننگ کرے گا جوکہ بین الاقوامی طور پر قابل قبول ہوگی اور انہیں صرف پریکٹیکل امتحان دے کر سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوگا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے نمائندے محمد رضوان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم پاپگائی کے تعاون سے پرنٹرز کو خصوصی قرضے فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں اگر انہیں اس سلسلے میں کوئی بھی دشواری پیش آرہی ہے تو ہم سے رابطہ کریں۔ انہوں نے بتایا کہ سولر کے لیے 6 فیصد پر روایتی اور اسلامی بینکوں کے ذریعے قرضے دستیاب ہیں۔ اسمیڈا کے افسر مکیش کمار نے کہا کہ ایس ایم ایز کے لیے حکومت کی متعدد اسکیمیں موجود ہیں لیکن اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا۔ پرنٹرز اس سلسلے میں آگے آئیں اور ان سہولیات سے فائدہ اٹھائیں۔ تقریب کے آخر میں محمد سلیم بیکیا، محمد تنویر، مراد اقبال اور مہمان خصوصی شبیر حسین منشا کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئیں۔ تقریب نصف رات تک جاری رہی۔

## کتابوں، کاپیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، فواز نیاز

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) موجودہ سیاسی حالات اور مالی طور پر غیر یقینی صورتحال کے باعث ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے تعلیمی نظام کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ طلبہ وطالبات کے والدیں والدین پہلے ہی تعلیمی نصاب کی عدم دستیابی کی وجہ سے پریشان تھے اور اوپر سے کاغذ کی بڑھتی قیمت ان کیلئے نیا امتحان بن گئی۔ کاغذ کی قیمتوں میں اضافے سے کتابیں اور کاپیاں بھی مہنگی ہوگئیں، ان میں استعمال ہونے والے کاغذ کی نئی قیمت پندرہ روپے اضافے کے ساتھ 250 روپے فی کلوگرام ہوگئی۔ فواز نیاز نے بتایا کہ پاکستان میں چار پانچ بڑے کاغذ مل مالکان ہیں جو جان بوجھ کر پروڈکشن کم رکھتے ہیں تاکہ زیادہ ریٹ مل سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ کاغذ کی جو قیمت بھارت میں ہے اسی کاغذ کا ریٹ یہاں اس سے کہیں زیادہ ہے، لیکن ان لوگوں کو یہاں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ علاوہ ازیں اردو بازار لاہور کے پبلشرز کے مطابق صرف چھ ماہ میں کراؤن کاغذ کی قیمت 75 روپے فی کلو تک پہنچ چکی ہے جس کے اثرات جولائی میں نئے کورس نصاب پر نظر آئیں گے۔

لاہور کی پیپر مِل کو
مشین مین چائنہ کٹر H.S.C / C H M
اور ریم پیکنگ والے لڑکوں کی ضرورت ہے
برائے رابطہ:
WHATSAPP:0305-4778992,0300-4031013----EMAIL:msgtllc@gmail.com



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# A N M TRADING CO

*Importer : Paper & Paper Board*

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

*1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan*
*Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com*





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725


APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.
Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM
IK Signature
Premium Performance Paper.
Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.
HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents
HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance
A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM
TRUTONE
TECHNOLOGY
پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1
IBM
International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com
Certified Quality Management System
ISO 9001: 2015
Winner of
BRANDS ICON OF PAKISTAN
2010
Brands of the year Award
2010
Brands of the year Award
2011 - 2012

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# 2002-03 کے ریفنڈ کیسز پر سپریم کورٹ میں بھی کامیابی

## ریفنڈ کیسز میں کامیابی حق کی فتح ہے، جلد اس کی وصولی کے لئے کارروائی کا آغاز کریں گے، محمد سلیم بیکیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ 2002-03 کے 360 شوکاز نوٹسز پر پیپر مرچنٹس کی جانب سے جمع کرائے گئے سوا پانچ کروڑ روپے سے زائد کی رقم کے ریفنڈ کیسز کا فیصلہ سپریم کورٹ سے بھی پیپر مرچنٹس کے حق میں آ گیا ہے۔ واضح رہے کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے پیپر مرچنٹس کی اپیل منظور کر لی تھی جس کے خلاف محکمہ کسٹم نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا وہاں بھی اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا تھا اور اس کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی تھی جو کہ سپریم کورٹ نے خارج کر دی اور اب اس کی وصولی کا مرحلہ شروع ہوگا۔ چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس، محمد سلیم بیکیا نے پیپر بزنس کو بتایا ہے کہ ریفنڈ کیسز میں آخری اپیل کے فیصلے کے بعد یہ ثابت ہو گیا ہے کہ پیپر مرچنٹس حق پر تھے اور یہ ان کی اخلاقی فتح ہے کہ کسٹم ہم پر انڈر انوائسنگ ثابت کرنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے اس حق کی فتح پر تمام پیپر مرچنٹس کو مبارکباد دی اور یقین دلایا ہے کہ انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ اپنے صارفین سے کئے گئے وعدے کے مطابق اس ریفنڈ کی رقم وصولی کے لئے جلد ہی بھرپور کارروائی کا آغاز کیا جائے گا۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی سیلز ٹیکس، بجٹ اینڈ ٹیکسیشن اسٹینڈنگ کمیٹی کے زیر اہتمام بعد از بجٹ 23-2022 پر سیمینار، 18 جون 2022 کو دفتر ایسوسی ایشن کراچی میں سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی بجٹ 23-2022 کے سیلز ٹیکس وانکم ٹیکس کے حوالے سے پیپر ٹریڈ پر پڑنے والے اثرات پر غور وخوص اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اجلاس میں سینئر وکیل ہائی کورٹ ایڈووکیٹ عقیل احمد نے بھی شرکت کی اور شرکا کو بجٹ میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ کیا۔ بعدازاں انہوں نے ممبران کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اجلاس میں چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سید شاہنواز علی صدر سدرن زون کے علاوہ یحییٰ باری، اظہر حسین، شبیر حسین، محمد احمد اظہر، عدنان زکی، محمد احمد، عارف احمد، ناصر قاسم و دیگر شریک ہیں۔

## پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز نے حکومت کے خلاف طبل جنگ بجا دیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کا اثر، آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں ہوشربا اضافے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کے جنرل سیکرٹری نبیل طارق نے خصوصی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کاروبار ٹھپ ہو گیا ہے، کرایوں میں اضافہ ناگریز تھا۔ جنرل سیکرٹری نے بتایا کہ پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز نے ملک بھر کے لئے کرایوں میں چالیس فیصد اضافے کا فیصلہ کیا ہے جس کے بعد لاہور سے کراچی کا کرایہ 80 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ 10 ہزار روپے کر دیا گیا، لاہور سے اسلام آباد کا کرایہ 60 ہزار سے 80 ہزار روپے کر دیا ہے۔ نبیل طارق نے بتایا کہ لاہور سے پشاور کا کرایہ 75 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے کر دیا، اسی طرح لاہور سے ملتان کا کرایہ 40 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کر دیا گیا، اسی طرح لاہور سے کوئٹہ کا کرایہ ایک لاکھ 10 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ 40 ہزار کر دیا گیا۔ جنرل سیکرٹری پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز نے حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہیے، ہمارے کاروبار بند ہو چکے ہیں۔ اس سے قبل صدر کراچی گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن رانا اسلم نے بتایا تھا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ اور مہنگائی ناقابل برداشت ہے، احتجاجاً پورٹ پر گاڑیاں کھڑی کر کے مال اٹھانا بند کر دیا ہے۔ صدر کراچی گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی نے مزید کہا کہ موجودہ صورتحال میں کاروبار بند کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔۔ حکومت ہماری گاڑیاں خرید کر خود چلا لے، ہم نہیں چلا سکتے۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229


## ایڈیشنل کلکٹر کسٹم کو ویئر ہاؤسنگ مدت میں توسیع کا اختیار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی سال 23-2022ء کے فنانس بل میں ڈیوٹی ادا کئے بغیر درآمدی اشیاء کی ویئر ہاؤسنگ کی مدت میں توسیع کے اختیارات ایڈیشنل کلکٹر آف کسٹمز کو تفویض کرنے کی تجویز ہے تاکہ ٹریڈ کو سہولت ہو اور ویئر ہاؤسنگ پیریڈ میں بار بار کی استدعا کسٹم کے اعلیٰ عہدیداروں کے پاس جا کر نہ کرنی پڑے۔ ایڈجوڈیکیٹنگ اتھارٹی کے ورک لوڈ مناسب بنانے کیلئے ایڈیشنل کلکٹر اور ڈپٹی کلکٹر کی ڈیورسڈکشن بڑھا دی گئی ہے، اس سے قانونی کیسز جلد نمٹا کرینگے۔ کاروبار کرنے کی لاگت کم کرنے کیلئے ٹرمینل آپریٹرز کی طرف سے وصول کی جانے والی فیسوں کو مناسب بنایا گیا ہے اس کیلئے ایک شق رکھ دی گئی ہے جو کسٹم اتھارٹی کی طرف سے مختلف چارجز کا تعین کیا کریگی۔ ضروری اشیاء کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے کسٹم ایکٹ 1969ء کے تحت دیانتدارانہ اقدامات جو صوبائی حکومتوں کے افسروں نے کئے ہونگے اُن میں سقم یا غلطی کو درگزر کرنے کی شق نئے فنانس بل میں شامل کی گئی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی و درآمدی آفسیٹ، آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی ڈالر کی اونچی اڑان کے باعث مزید تیزی دیکھی گئی اور 22 جون 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، بریف کارڈ، نیو یا آرٹ پیپر میٹ اور گلوس چائنا، آرٹ پیپر جاپان او جے آئی، ایل ڈبلیو سی جاپان، درآمدی آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر، کراؤن اور چناب اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 410 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 347 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 347 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 410 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 225 روپے سے بڑھ کر 230 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 208 روپے سے بڑھ کر 220 روپے، تمام سائز 60 گرام، 218 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1000 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1120 روپے سے بڑھ کر 1130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1070 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2000 روپے سے بڑھ کر 2050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1140 روپے سے بڑھ کر 1185 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 990 روپے سے بڑھ کر 1030 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 980 روپے سے بڑھ کر 1040 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ گریس پروف پیپر 19x29 سائز 35 گرام، 4000 روپے سے بڑھ کر 41 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ڈالر 212 روپے کی ریکارڈ سطح پر جا پہنچا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک میں امریکی ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی بے قدر کا سلسلہ جاری رہا جس کی وجہ سے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ امریکی ڈالر 212 روپے کی ریکارڈ سطح پر جا پہنچا تاہم اوپن مارکیٹ میں روپے کی قدر مستحکم رہی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 21 جون 2022 کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 1.80 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 210 روپے سے بڑھ کر 211.75 روپے اور قیمت فروخت 210.20 روپے سے بڑھ کر 212 روپے ہوگئی تاہم مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 213 روپے اور قیمت فروخت 214 روپے پر بدستور برقرار رہی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو 1 روپے مہنگا ہوگیا جس سے یورو کی قیمت خرید 222 روپے سے بڑھ کر 223 روپے اور قیمت فروخت 225 روپے سے بڑھ کر 226 روپے ہوگئی اسی طرح 1.50 روپے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 258.50 روپے سے بڑھ کر 260 روپے اور قیمت فروخت 261.50 روپے سے بڑھ کر 263 روپے ہوگئی۔

## درآمدات وسپلائی پر سیلز ٹیکس واجبات کی قسطوں میں ادائیگی کی اجازت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 میں متعدد ترامیم تجویز کی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے فنانس بل کے ذریعے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 میں متعدد ترامیم تجویز کی ہیں، سیلز ٹیکس ایکٹ کی سیکشن 6 میں اہم ترامیم تجویز کردی ہیں۔ ترامیم کے مطابق آئندہ مالی سال 2022۔23 کے وفاقی بجٹ میں وفاقی وصوبائی حکومتوں اور سرکاری اداروں کو اشیاء کی درآمد اور سپلائی پر عائد سیلز ٹیکس واجبات کی مشروط طور پر قسطوں میں ادا کرنے کی اجازت دینے کا اصولی فیصلہ کیا ہے۔ ان رجسٹرڈ لوگوں کو اشیاء کی سپلائی وفروخت پر خریدار کے شناختی کارڈ نمبر حاصل کرنے کی شرط بھی ختم کرنے کی تجویز دیدی ہے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اپریل 2022: پیپر و پیپر بورڈ کی پیداوار میں 8.2 فیصد اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ادارہ شماریات نے بڑی صنعتوں کی پیداوار کے اعداد و شمار جاری کر دیے جس کے مطابق اتحادی حکومت کے دوران ان میں کمی کا سامنا رہا۔ جولائی تا اپریل میں سالانہ بنیادوں پر بڑی صنعتوں کی پیداوار 10.7 فیصد بڑھی جب کہ اتحادی حکومت کے پہلے ماہ اپریل میں اس کی پیداوار 13.3 فیصد گر گئی تاہم سالانہ بنیادوں پر اپریل میں بڑی صنعتوں کی پیداوار 15.4 فیصد بڑھی ہے۔ جولائی تا اپریل میں سالانہ بنیادوں پر ٹیکسٹائل کی پیداوار 3.7 فیصد، لکڑی کی مصنوعات کی پیداوار 134.9 فیصد بڑھی ہے۔ فرنیچر کے شعبے کی پیداوار میں 227.5 فیصد، تمباکو کی پیداوار میں 14.5 فیصد اور مشروبات کی پیداوار میں 1.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ فوڈ مصنوعات کی پیداوار 11 فیصد بڑھی جب کہ کیمیکل شعبے کی پیداوار میں 8.3 فیصد اور آئرن اور اسٹیل سیکٹر کی پیداوار میں 16.3 فیصد اضافہ ہوا۔ آٹو موبیل سیکٹر کی پیداوار 48.2 فیصد بڑھی جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی پیداوار میں 1.1 فیصد، چمڑے کی مصنوعات کی پیداوار میں 1.6 فیصد، پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں 8.2 صد اور فارماسیوٹیکل کی پیداوار میں 3.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

# توانائی بحران: سندھ میں کاروباری اوقات محدود کر دیئے گئے

کراچی (بزنس ڈیسک) صوبائی حکومت نے کراچی سمیت سندھ بھر میں کاروباری اوقات تبدیل کر دیئے، صوبائی محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں کاروباری سرگرمیاں رات 9 بجے کے بعد جاری رکھنا ممنوع قرار دیا گیا ہے جسکے تحت رات 9 بجے تمام بازار، دکانیں اور شاپنگ مالز بند کر دیئے جائینگے، شادی ہال ساڑھے 10، ہوٹل اور ریسٹورنٹس 11 بجے بند کر دیئے جائینگے، سائن بورڈز اور ہورڈنگز کی بجلی بھی بند کر دی جائیگی، میڈیکل اسٹورز، اسپتالوں، پٹرول پمپس، سی این جی اسٹیشنز، بیکریز، دودھ دہی کی دکانوں پر اس فیصلے کا اطلاق نہیں ہوگا، فیصلہ ایک ماہ کیلئے کیا گیا، نئے کاروباری اوقات کار کا اطلاق گزشتہ روز جمعہ 17 جون 2022 سے شروع ہوگیا، خلاف ورزی پر مقامی تھانیدار کو کارروائی کا اختیار دیدیا گیا، اقدام توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے مارکیٹیں، شادی ہالز اور ریسٹورنٹس جلدی بند کرنے اعلان کے بعد رات 9 بجے شہر بھر کے بل بورڈز اور سائن بورڈز کی بجلی بند کرنے کا بھی فیصلہ کرلیا۔ اس حوالے سے محکمہ داخلہ سندھ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس میں کہا کہ رات 9 بجے تمام بل بورڈز اور سائن بورڈز کی بجلی بند کر دی جائیگی۔ یاد رہے سندھ حکومت نے توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے کراچی سمیت سندھ بھر میں بازار رات نو بجے بند کرنے کا حکم دیا تھا۔ محکمہ داخلہ سندھ نے دفعہ 144 کے تحت پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا، نوٹیفکیشن کے مطابق شادی ہالز اور تقریبات رات ساڑھے دس بجے تک جاری رکھ سکتے ہیں جبکہ ریسٹورنٹس، کیفے اور کافی شاپس رات گیارہ بجے تک کھولنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم میڈیکل اسٹورز، پٹرول اور سی این جی پمپس کا اس پر اطلاق نہیں ہوگا۔ بیکریز اور دودھ کی دکانیں بھی پابندی سے مستثنیٰ ہونگی، علاوہ ازیں آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سندھ بھر میں عائد دفعہ 144 پر عمل درآمد کو یقینی بنانیکی ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ تمام ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز، ایس ڈی پی اوز متعلقہ علاقوں میں دفعہ 144 پر عملدرآمد کے جملہ اقدامات کی بذات خود نگرانی کرینگے، خلاف ورزی کے مرتکبین کیخلاف بلاکسی رورعایت قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ترجمان سندھ پولیس کی جانب سے جاری کیے گئے۔ اعلامیے کے مطابق ملک بھر میں توانائی کے بحران کے پیش نظر محکمہ داخلہ سندھ نے مارکیٹس، بازاروں، دکانوں، شاپنگ مالز کو شب 9:00 بجے تک بند کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔

# شہریوں کیلئے خوشخبری، مرضی کیخلاف مارکیٹنگ پیغامات نہیں موصول ہونگے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) موبائل فون صارفین کیلئے خوشخبری ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر نہ چاہتے ہوئے مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے موصول ہونے والے ناپسندیدہ ایس ایم ایس سے جان چھوٹنے والی ہے، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے وزیراعظم کی ہدایت پر موبائل صارفین کو ناپسندیدہ ایس ایم ایس بلاک کرنے کی پالیسی پر کام شروع کر دیا ہے، شہریوں کو اب ان کی مرضی کیخلاف مارکیٹنگ کے پیغامات نہیں بھیجے جاسکیں گے، نظام متعارف کروا دیا ہے، یکم جولائی سے موبائل کمپنیاں، ٹیلی مارکیٹرز آپشن ان اور آپشن آوٹ نظام پر عمل شروع کریں گی۔ جمعہ 17 جون کو پی ٹی اے کی جانب سے جاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی ہدایت پر پی ٹی اے نے ناپسندیدہ ایس ایم ایس بلاک کرنے کی پالیسی پر کام شروع کر دیا ہے، اب شہریوں کی مرضی کیخلاف مارکیٹنگ کے پیغامات نہیں بھیجے جاسکیں گے۔

# پی او ایس سسٹم میں ٹیمپرنگ پر جرمانہ ہوگا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) سینٹر سلیم مانڈوی والا کی زیرصدارت 17 جون کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں فنانس بل 2022 میں شامل انکم ٹیکس سے متعلق معاملات کا شق وار جائزہ لیا گیا۔ ایف بی آر حکام نے کمیٹی کو بتایا کہ پاکستان سے باہر چھپائے گئے اثاثوں/خفیہ غیر ملکی آمدنی کے تعین کے سلسلے میں وقت کی حد کو ختم کر دیا گیا ہے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کے لیے نادرا کے ساتھ ڈیٹا شیئرنگ کا طریقہ کار فراہم کرنے کے لیے انکم ٹیکس آرڈیننس میں ایک نیا سیکشن شامل کیا گیا ہے۔ کمشنر کی جانب سے آڈٹ رپورٹ کے اجرا کے حوالے سے طریقہ کار کی بے ضابطگیوں کو بھی دور کر دیا گیا ہے، مقررہ تاریخ کے اندر آمدنی کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کیلیے جرمانے کو مزید جامع بنایا گیا ہے، تمام بڑے ریٹیلرز کو ایف بی آر کے پی او ایس سسٹم کے ساتھ جوڑنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے، پی او ایس سسٹم کو استعمال نہ کرنے اور اس سسٹم کو بند کرتے ہوئے سیلز ٹیکس چوری پر جرمانے اور سزا کا تعین بھی کر دیا گیا ہے۔

# اپیما کی پیاف کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) کے چیئرمین احد امین ملک، وائس چیئرمین شبیر بھٹی، صدر ناردرن زون حسن رضا شیخ، سینئر نائب صدر شرافت حسین، جنرل سیکریٹری وقاص احمد ملک، قائدین باؤ محمد بشیر، محمد اجمل، سمیع اللہ بٹ اور خامس سعید بٹ نے نو منتخب عہدیداران پیاف (پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ) کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں اپیما کے رہنماؤں نے چیئرمین پیاف فہیم الرحمن سہگل، سینئر وائس چیئرمین چودھری ہارون شفیق اور وائس چیئرمین راجا عدیل اشفاق کے انتخاب کو کاروباری برادری بالخصوص پیاف ممبران کے لیے نیک شگون قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ نو منتخب عہدیداران کی اہلیت اور قابلیت سے تمام کاروباری برادری مستفید ہوگی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آف ڈاک ٹرمینلز کی ناقص کارکردگی سے امپورٹرز پریشان ہیں، قمر اسلام

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اے آئی سی ٹی، بی او ایم ایل اور بے ویسٹ آف ڈاک ٹرمینل پر بدانتظامی کی وجہ سے درآمدکنندگان کو کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اس ضمن میں آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کی چیئرمین قمرالاسلام سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ آف ڈاک ٹرمینل میں شامل الحمد کنٹینر ٹرمینل، بی او ایم ایل کنٹینر ٹرمینل اور بے ویسٹ پر درآمد کنسائمنٹس کے کنٹینر کی گراؤنڈ نگ میں تاخیری حربوں کا استعمال کیا جاتا ہے جس کے باعث کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں تاخیر ہو رہی ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ مذکورہ آف ڈاک ٹرمینلز کی جانب سے تاخیری حربوں کا استعمال ٹرمینل چارجز میں مزید اضافے کے لئے کیا جا رہا ہے جبکہ ٹرمینل چارجز بغیر کسی وجہ کے بڑھا دیئے جاتے ہیں جس سے کاروباری لاگت میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے ٹرمینل چارجز میں اضافے کے لئے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ آف ڈاک ٹرمینل پر ایل سی ایل کارگو کے چارجز پورٹ چارجز سے سو فیصد زیادہ ہیں جبکہ آف ڈاک ٹرمینل پر سامان کی مقدار بھی کم ہوتی ہے اس کے باوجود آف ڈاک ٹرمینل کی انتظامیہ بے پناہ اضافے کے ساتھ ٹرمینل چارجز وصول کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پورٹ پر بیس اور چالیس فٹ کنٹینرز کے ٹرمینل چارجز اتنے نہیں ہوتے جتنے مذکورہ آف ڈاک ٹرمینل پر لئے جا رہے ہیں۔ قمرالاسلام کا کہنا ہے کہ الحمد کنٹینر ٹرمینل، بی او ایم ایل کنٹینر ٹرمینل اور بے ویسٹ پر ایک تو لیبر بہت کم اور ناتجربہ کار ہے جس کی وجہ سے درآمدی کنسائمنٹس کی جانچ پڑتال کے دوران شدید مشکلات پیش آتی ہیں، لیبر کے ناتجربہ کار ہونے کی وجہ سے کنسائمنٹس کا سامان ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتا ہے اور اس نقصان کا ٹرمینل کی جانب سے کوئی ہرجانہ بھی نہیں دیا جاتا۔

## ایک لاکھ ڈالرز سے زائد مالیت کی ادائیگی کیلئے 24 گھنٹے قبل آگاہ کرنیکی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے روپے کی قدر کو مستحکم اور زرمبادلہ کے تیزی سے گرتے ہوئے ذخائر کو مستحکم کرنے کے لیے درآمدی ادائیگیوں کی رپورٹنگ مزید سخت کر دی ہے۔ذرائع کے مطابق کمرشل بینکوں کے پاس ڈالر کی کمی دور کرنے کے لیے جمع شدہ زرمبادلہ میں سے بینکوں کو ڈالر فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، بینکوں کو ایک لاکھ ڈالرز سے زائد مالیت کی درآمدات کی ادائیگی کے لئے اسٹیٹ بینک کو چوبیس گھنٹے قبل آگاہ کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک کی جانب سے یہ اقدام زرمبادلہ کے مسلسل گرتے ہوئے ذخائر کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھایا گیا ہے،اس سے قبل پیشگی آگاہی کے لئے درآمدات کی مد میں رقم کی حد 5 لاکھ ڈالر مقرر تھی، اسٹیٹ بینک کے مطابق اس فیصلہ سے تمام کمرشل بینکوں کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔اسٹیٹ بینک کمرشل بینکوں کو فارن کرنسی ڈپازٹ سے اسٹیٹ بینک کے پاس جمع کروائے گئے کیش ریزرو ریکوائرمنٹ میں سے 10 فیصد زرمبادلہ بھی مہیا کرے گا، اقدام کے نتیجے میں 500 ملین ڈالر سے زائد کا زرمبادلہ بینکوں کو مہیا ہونے کا امکان ہے جس سے بینکوں کے لیے ڈالر کی طلب پوری کرنے کے لیے گنجائش میں اضافہ ہوگا اور روپے کی قدر میں بے قدری کی رفتار کم کرنے میں مدد ملے گی۔

## افغانستان سے درآمد میں الیکٹرانک امپورٹ فارم پر چھوٹ میں 30 جون تک توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے افغانستان سے اشیاء کی درآمد میں سہولت کیلئے الیکٹرانک امپورٹ فارم سے چھوٹ میں 30 جون 2022 تک توسیع کر دی ہے۔دستیاب دستاویز کے مطابق الیکٹرانک امپورٹ فارم سے چھوٹ میں توسیع کا فیصلہ سیکرٹری کامرس کی افغانستان کیلئے پاکستان کے سفیر سے ہونے والی ملاقات میں کیا گیا ہے جس کے مطابق یکم جولائی سے افغانستان سے درآمد کیلئے الیکٹرانک امپورٹ فارم کا اطلاق ہوجائیگا۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے افغانستان سے اشیاء کی درآمد میں سہولت کیلئے افغانستان سے درآمدات کیلئے الیکٹرانک امپورٹ فارم سے چھوٹ میں 30 جون 2022 تک توسیع کے نوٹیفکیشن کی کاپی چیف کلکٹر کسٹمز کسٹمز ہاؤس (خیبر پختونخواہ) پشاور اور چیف کلکٹر کسٹمز کسٹمز ہاؤس کوئٹہ کو ارسال کر دی ہے،اس حوالے سے وزارت تجارت حکام کا کہنا ہے کہ الیکٹرانک امپورٹ فارم سے استثنی کی مدت کے دوران افغانستان کے ساتھ بارٹر ٹریڈ کے انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔

## کاغذ کی قیمتوں میں اضافے پر پبلشرز کا کتابیں چھاپنے سے انکار

لاہور (نیوز ڈیسک) کاغذ کی قیمتوں میں 100 فیصد اضافے کے بعد پبلشرز نے نئی کتابیں چھاپنے سے انکار کر دیا ہے جس کے باعث تعلیمی شعبے میں نیا بحران پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ذرائع کے مطابق کاغذ کی قیمتوں میں 100 فیصد اضافے کے بعد پبلشرز کے لیے نئی کتابیں چھاپنا ممکن نہیں رہا ہے اور انہوں نے کتابیں چھاپنے سے انکار کر دیا ہے جس کے باعث دینی اور عصری تعلیمی شعبے میں نیا بحران پیدا ہونے کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے۔اس حوالے سے صدر انجمن تاجران اردو بازار لاہور خالد پرویز کا کہنا ہے کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران پیپر ملوں نے چار بار کاغذ کی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے جس کے بعد اس دوران کاغذ کی قیمت 105 سے بڑھ کر 210 روپے فی کلو ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ پبلشرز نے فیصلہ کیا ہے کہ لوکل کاغذ پر قرآن پاک اور قرآنی قاعدے نہیں چھاپے جائیں گے۔خالد پرویز کا یہ بھی کہنا تھا کہ کاغذ کی قیمت بڑھنے سے ٹیکسٹ بورڈ کے ٹینڈر اٹھانے والے بھی پریشان ہیں، کیونکہ پبلشرز نے 190 روپے کلو کے حساب سے ٹینڈر لیا تھا اب ریٹ ہی 210 روپے کلو کا ہو گیا ہے تو جو آرڈر لے چکے ہیں وہ کیسے پورے کریں گے۔

## کاغذ کی قیمتوں میں 100 فیصد اضافہ، تعلیمی بحران پیدا ہونے کا اندیشہ

